More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

# باب نمبر 16

# ہمارا پرچم

## اہم الفاظ اور معنی:

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| شان و شوکت سے | شاندار طریقے سے | اقلیت | آبادی کا وہ حصہ جو کم تعداد پر مشتمل ہو |
| ہلال | چاند | گامزن | تیزی سے چلنا |
| درست | ٹھیک | توہین | بے عزتی |

## سبق کا خلاصہ:

ہر ملک کا اپنا خاص پرچم یا جھنڈا ہوتا ہے جو اس ملک کی نمائندگی کرتا ہے۔ پرچم کپڑے کا ایک ٹکڑا ہوتا ہے جس پر خاص تناسب سے مخصوص رنگ کا ڈیزائن بنایا جاتا ہے۔ پرچم کسی ملک اور قوم کی عزت اور وقار کی علامت ہوتا ہے۔ پاکستان کے پرچم کا تین چوتھائی حصہ سبز رنگ کا ہے اور بقیہ ایک چوتھائی حصہ سفید ہے۔ سبز رنگ کا حصہ پاکستان میں بسنے والے مسلمانوں کی نمائندگی کرتا ہے جب کہ سفید حصہ پاکستان میں موجود اقلیتوں کی علامت ہے۔ پاکستان کا قومی پرچم اس کی آزادی اور خودمختاری کا نشان ہے۔ پاکستان کے قومی پرچم کا ڈیزائن جناب امیر الدین قدوائی نے تیار کیا تھا۔ پاکستان کے قومی پرچم پر ہلال ترقی کی علامت اور پانچ کونوں والا ستارہ اسلام کے پانچ ارکان کو ظاہر کرتا ہے۔

قومی پرچم کا ادب اور احترام سب پر فرض ہوتا ہے۔ جب اپنے ملک میں کئی ملکوں کے پرچم ایک ساتھ لہرائے جائیں تو کوئی بھی پرچم پاکستان کے پرچم سے اونچا نہیں لہرایا جاتا۔ اقوام متحدہ کی عمارت پر اقوام متحدہ کا پرچم باقی ممالک کے پرچموں سے اونچا لہرایا جاتا

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

ہے جبکہ باقی ممالک کے پرچم ایک سی اونچائی پر لہراتے ہیں قومی پرچم کو عام طور پر طلوع آفتاب کے بعد لہرایا جاتا ہے اور غروب آفتاب سے پہلے اسے اتار لیا جاتا ہے۔ کسی بھی صورت میں قومی پرچم پر رات کا سایہ نہیں پڑنے دیا جاتا۔ پارلیمنٹ ہاؤس کی عمارت پر قومی پرچم رات دن لہراتا ہے لیکن رات کے وقت مصنوعی روشنی سے پرچم کو روشن رکھا جاتا ہے۔ یوم آزادی پر پرچم اور جھنڈیاں لہراتے ہوئے بھی یہ خیال رکھنا چاہیے کہ ان پرچم اور جھنڈیوں کا احترام کیا جائے انہیں گندگی سے بچایا جائے اور زمین پر نہ گرنے دیا جائے۔ قومی پرچم پر کوئی اور تصویر نہیں بنانا چاہیے اسی طرح پرچم کو جلانا بھی اس کی توہین ہے۔ ہر شخص کو چاہیے کہ وہ قومی پرچم کے آداب کا پورا خیال رکھے۔

## حل شدہ مشق

سوال نمبر۱: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:

(الف): قومی پرچم پر بنا ہوا چاند اور ستارہ کس بات کی علامت ہیں؟

جواب: قومی پرچم پر بنا ہوا چاند یعنی ہلال قومی ترقی کی علامت ہے جبکہ اس پر بنا ہوا پانچ کونوں والا ستارہ اسلام کے پانچ ارکان کو ظاہر کرتا ہے۔

(ب): پانچ کونوں والے ستارے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: پانچ کونے والے ستارے کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور اس کا سرکاری مذہب اسلام ہے۔ یہاں مسلمان اسلام کے پانچ ارکان پر پوری طرح عمل کرتے ہیں۔

(ج): کس عمارت پر پرچم کو رات کے وقت مصنوعی طور پر روشن رکھا جاتا ہے؟

جواب: پارلیمنٹ ہاؤس کی عمارت پر پرچم کو رات کے وقت مصنوعی طور پر روشن رکھا جاتا ہے

(د): کیا چھوٹی جھنڈیوں کا بھی احترام کیا جانا چاہیے؟

جواب: جی ہاں! چھوٹی جھنڈیوں کا احترام بھی ہم پر اسی طرح لازم ہے جس طرح ہم

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

اپنے قومی پرچم کا احترام کرتے ہیں۔

(ہ): پاکستانی پرچم کا ڈیزائن کس نے تیار کیا؟

جواب: پاکستان کے قومی پرچم کا ڈیزائن جناب امیر الدین قدوائی نے تیار کیا۔

سوال نمبر۲: درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

(الف): قومی پرچم حیثیت رکھتا ہے:

(۱) قومی (✓) (۲) تاریخی (۳) صوبائی (۴) عوامی

(ب): پرچم کا سبز رنگ ہوتا ہے:

(۱) ایک چوتھائی (۲) ایک تہائی

(۳) دو تہائی (۴) تین چوتھائی (✓)

(ج): ہلال کہتے ہیں چاند کو:

(۱) پہلی رات کے (✓) (۲) دسویں رات کے

(۳) چودھویں رات کے (۴) آخری رات کے

(د): پرچم کو لہرایا جاتا ہے:

(۱) دوپہر میں (۲) شام میں

(۳) طلوع آفتاب کے بعد (✓) (۴) فجر سے پہلے

سوال نمبر۳: واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیے:

تقریب۔ مرحلہ۔ آداب۔ اقوام۔ اوطان۔ شکل

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| ۱۔ تقریب | تقاریب | ۲۔ مرحلہ | مراحل |
| ۳۔ ادب | آداب | ۴۔ قوم | اقوام |
| ۵۔ وطن | اوطان | ۶۔ شکل | اشکال |

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر ۴: اعراب کی مدد سے تلفظ واضح کیجئے:

(i) هِلاَلْ (ii) اِحْتِرَامْ (iii) فِضَا

(iv) اِخْتِتَامْ (v) شَکْل (vi) شَنَاخْت (vii) تَوَجّہ

سوال نمبر ۵: ان الفاظ کے متضاد لکھیے:

| الفاظ | متضاد الفاظ | الفاظ | متضاد الفاظ |
|---|---|---|---|
| ۱۔ طلوع | غروب | ۲۔ اختتام | ابتداء، آغاز |
| ۳۔ ترقی | تنزل | ۴۔ بلندی | پستی |
| ۵۔ مصنوعی | اصلی، حقیقی | | |

سوال نمبر ۶: دیے گئے الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ مفہوم واضح ہو جائے:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ۱۔ آب وتاب | دوپہر کے وقت سورج پورے آب وتاب کے ساتھ چمک رہا تھا۔ |
| ۲۔ چابک دستی | ہنرمند کاریگر نے چابک دستی سے سارا کام مکمل کر دیا۔ |
| ۳۔ ادب واحترام | ہمیں بزرگوں کے ساتھ ادب واحترام کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔ |
| ۴۔ فضل وکرم | اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل وکرم اور رحمت کے حصول کیلئے دعا کرتے رہنا چاہیے۔ |
| ۵۔ جھنڈیاں | یوم آزادی کے موقع پر لوگ گلیوں کو جھنڈیوں سے سجاتے ہیں۔ |

سوال نمبر ۷: قومی پرچم کے آداب کے موضوع پر ایک سو لفظوں پر مشتمل مضمون لکھیے:

جواب: کسی بھی ملک کا قومی پرچم اس کی عزت اور وقار کی علامت ہوتا ہے۔

قومی پرچم کسی ملک کی قوم کی نمائندگی کرتا ہے اس لئے قومی پرچم کا ادب احترام ضروری ہے۔ قومی پرچم کے آداب یہ ہیں کہ اس کی حرمت کا ہمیشہ خیال رکھا جائے۔ جب ایک ملک کے پرچم کو دیگر ممالک کے پرچموں کے ساتھ لہرایا جاتا ہے تو اس ملک کے پرچم کو دیگر پرچموں سے اونچا رکھا جاتا ہے جبکہ باقی ممالک

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

کے پرچموں کو ایک اونچائی پر رکھا جاتا ہے۔ قومی پرچم کے آداب میں یہ بات نہایت اہم ہے کہ اسے پاؤں، جوتوں، زمین یا کسی بھی گندی چیز سے بچانا ضروری ہے۔

قومی پرچم کو طلوع آفتاب کے بعد لہرایا جاتا ہے اور غروب آفتاب سے پہلے اسے اتار لیا جاتا ہے۔ قومی پرچم کو عام جگہوں پر لہرانے کی اجازت نہیں ہوتی صرف قومی دنوں کے مواقع پر قومی پرچم عام جگہوں پر لہرایا جا سکتا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس پر قومی پرچم رات دن لہرایا جاتا ہے لیکن رات اس کو مصنوعی روشنی سے روشن رکھا جاتا ہے۔ قومی پرچم کے آداب میں یہ بات بھی شامل ہے کہ جب قومی پرچم لہرایا جائے تو اس کے احترام میں کھڑا ہو جایا جائے۔ قومی پرچم کے آداب میں یہ بات بھی شامل ہے کہ قومی پرچم کسی پر بھی طرح کی کوئی تصویر نہ بنائی جائے اور نہ ہی اس کے ڈیزائن میں کسی بھی طرح کا کوئی اضافہ نہ کیا جائے۔ قومی پرچم کو جلانا اس کی توہین ہے اس لئے قومی پرچم کو جلنے سے محفوظ رکھنا بھی اس کے آداب میں شامل ہے۔

اس سبق میں ایک لفظ "حیرانی" استعمال ہوا ہے عام طور پر لوگ اسے "حیرانگی" لکھتے ہیں اور بولتے ہیں۔ یاد رکھیے "حیرانگی" غلط ہے۔ ذیل میں چند ایسے الفاظ دیئے جاتے ہیں، جن کے آخر میں "گی" آتا ہے۔

سادہ سے سادگی، پاکیزہ سے پاکیزگی، سنجیدہ سے سنجیدگی، زندہ سے زندگی، بندہ سے بندگی، درندہ سے درندگی، بے چارہ سے بے چارگی وغیرہ۔ جن الفاظ کے آخر میں "ہ" آتی ہو اور وہ صفت بھی ہوں۔ ایسے لفظوں کے آخر سے ہم "ہ" کو ہٹا کر "گی" کا اضافہ کر دیتے ہیں۔ "ہ" پر ختم نہیں ہوتے، ان کے آخر میں صرف "ی" بڑھا دی جاتی ہے۔ مثلاً:

حیران سے۔۔۔ حیرانی

سوال نمبر ۸: آپ ان لفظوں سے اسی طرح لفظ بنایئے:

جوابات: (i) درست سے درستگی (ii) ناراض سے ناراضگی

(iii) لاچار سے لاچاری (iv) خوار سے خواری

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com